شبّیر ھے محوِ یادِ خدا اِک رات کي دُنیا باقي ھے

شبّیر ھے محوِ یادِ خدا اِک رات کي دُنیا باقي ھے
کل ھوگا جھاں میں حشر بپا اِک رات کي

کل آئیگي جنّة سے زھراء مقتل میں یہ منظر دیکھیگي
ھے شمر کا خنجر شہِ کا گلا اِک رات کي

یہ حشر نھیں تو پھر کیا ھے اب اور قیامة کیا ھوگي
کل سبط نبي لُٹ جائیگا اِک رات کي

مِل جائینگے کل اُس مِٹّي میں سب چاند سِتارے بطحا کے
یہ خاک بنیگي خاکِ شفاء اِک رات کي

گو آلِ نبي پیاسے ھي رھے یہ آج کي دُنیا کُچھ بھي کھے
کل خاک اُڑائیگا دریا اِک رات کي

باطل کے پرستاروسُن لو حق حق ھے ذرا حُر کو دیکھو
شبّیر پہ کل ھوگا یہ فِداء اِک رات کي

کل اِبن حسن بنکر دولھا جاں حق پہ کرئیگا اپني فِداء
ھو جائیگي اِک دولھن بیوہ اِک رات کي

عبّاس عَلَم لِهرائینگے جب اپني علمبرداري کا
کل هوگا وفاء کا سر اونچا اِک رات کي

تصویرنبي مِٹ جائیگي اکبرکو لگے گي جب برچهي
شبّیر کا دل چهد جائیگا اِک رات کي

حق کے لیئے میدان میں آکر چهٓ ماه کا اِک پیاسا بچّه
کل تیر گلے پر کهائیگا اِک رات کي

مارینگے طماچے بد اَختر لوٹینگے سکینه کے گوهر
چهن جائینگي کل زینب کي رِداء اِک رات کي

هان آؤ اٹهو اے غم خوارون ماتم سے هِلا دو دنیا کو
هر مؤمن کے لب په هے آه و بکا اِک رات کي

گهر آلِ نبي کا لوٹیگا خیمے بهي جلائینگے ظالم
کل بهائي بهن سے هوگا جُدا اِک رات کي

برهانِ دیں مولیٰ جلوه نما کل هونگے حسیني صورت میں
دِکهلائینگے کربل کا سجده اِک رات کي

*****